عزیزوں کی طرف سے جب مِرا دِل ٹوٹ جاتا ھے

(اس کلام میں مختلف اسلامی بھائیوں کے جذبات واِحساسات کی عکّاسی کی گئی ہے)

عزیزوں کی طرف سے جب مِرا دل ٹوٹ جاتا ہے
تِرا لطف وکرم بڑھ کر مِری ڈھارس بندھاتا ہے

نبی کے نُور کا صدقہ خدایا جگمگا دینا
کرم! یارب! اندھیرا قبر کا مجھ کو ڈراتا ہے

مُسَلسَل موت نزدیک آرہی ہے، ہائے! بربادی
کرم! مولیٰ! گناہوں کا مَرَض بڑھتا ہی جاتا ہے

الٰہی! واسِطہ پیارے کا، میری مَغْفِرت فرما
عذابِ نار سے مجھ کو خدایا خوف آتا ہے

تِری سُنَّت پہ چلتا ہوں،تو طعنے لوگ دیتے ہیں
شَہَنْشاہِ مدینہ!نفس بھی بے حد ستاتا ہے